سب حقوق محفوظ ہیں

AMED
FT
MEADE

PK 6793
.U7 K47
1906
Copy 1

کتاب

خیرُ اللّغات

Khairullah, Qazi

حصۂ اوّل

یعنی پشتو اُردو لغات

جسکو

قاضی خیر اللہ سی - ایم - ایس (مصنّف پشتو کا قاعدہ
معلّمِ پشتو حصّہ اول و دوم اتالیقِ پشتو گرامر
وغیرہ وغیرہ) نے بڑی محنت و جان فشانی سے تیار کیا

اور

دیوان ٹھاکر سنگھ صاحب اور جگت سنگھ کتب فروشان
صدر بازار نوشہرہ کی حق تصنیف حاصل کر کے

سنہ ۱۹۰۶ عیسوی

نولکشور گیس پرنٹنگ ورکس لاہور میں چھپوایا گیا

بار اوّل تعداد جلد ۷۵۰ قیمت کاغذ ڈمائی ۶ بادامی ۲ عہ

1906

81-907013

81-907013

مُبارک ہے وہ انسان جو اوروں کی بھلائی کیلئے فکرمند رہتا ہے۔

شبیہ

قاضی خیر اللہ چرچ مشنری سوسائٹی مصنف

کتاب ھذا

یہ یسوع المسیح کی لقاس دھوا سوکا تبہ و مہیم فی التراب

بزرگی اور عزت اور سلامتی پائیگی۔

PK6793
.U7 K47
1906
Copy 1
Pusb

8+907013

ما فی الضمیر

بہ ہر زبان کہ توانیم وصفِ حق گفتن
لغت تمام شود لیک ہیچ یک ناید

سنہ ۱۹۰۰ مسیحی میں نہایت ہی آسان طریق سے اِس سرحدی صوبہ میں تعلیم پھیلانے کی غرض سے کچھ یہاں کے مروجہ مکاتب کی خاص درسی کتب کو ملحوظ رکھ کے اور کچھ سرکاری مدارس کے کورسوں کے طرز کو مدِ نظر رکھ کے راقم الحروف نے پشتو کا قاعدہ (قاعدہ دَ پښتو) شایع کیا یہہ مبتدیوں اور منتہیوں کے کچھ ایسا مرغوبِ طبع ہوا۔ کہ پڑھنیوالوں نے ڈاک لگادی۔ کہ ہو نہ ہو اِسی سلسلہ میں کچھ ایسی کتابیں لکھی جائیں جو سب کے لئے مفید ہوں اور جنکو دیکھہ کے ہر ایک شخص بلا مدد دغیرے کامیابی کا سہرا پہن سکے اِس حکم کی تعمیل تو ذرا ٹھیڑی کھیر تھی مگر سہرا بھی بڑی محنت اور کمال صحت کے ساتھہ ایک دوسری کتاب پشتو بول چال کے نام سے تالیف کی۔ اِسمیں سرکاری عربی کی دوسری کتاب کے طریق پر ہر ایک لفظ اور فقرہ کا ترجمہ مقابل میں دیا گیا تھا۔ اِسکا پہلا حصہ مارچ سنہ ۱۹۰۲ء اور دوسرا حصہ جون سنہ ۱۹۰۳ء میں طبع ہوا پبلک نے جس شوق سے ان دونوں حصوں کو دیکھا قبولیّت خاص کا باعث ٹھیرا۔

اِس پشتو بول چال کے دیباچہ میں خاکسار نے یہہ بھی لکھا تھا کہ "اگر پبلک نے خاص اِستدعا کی۔ تو عنقریب ایک پشتو کی صرف و نحو کی کتاب اور ایک لغات بھی تیار کیجائیگی" اور ساتھہ ہی اِسکے چند صرف کے قاعدے نمونے کے طور پر بھی دیدئے۔ پھر کیا تھا مشتاقوں سے لگاتار تقاضا شروع ہوگیا۔ بعض دوستوں نے تو یہانتک لکھدیا کہ "ہم جانتے ہیں کہ یہہ کوہ کندن

وکالہ برآوردن ہے۔ مگر آپ کی طبیعت اور خیال سے یہہ امید واثق ہے کہ آپ اِس کام کو کر دکھائینگے۔ کیونکہ جو نمونہ دیکھا گیا ہے اُسنے شک کو یقین سے بدل دیا ہے"۔ اِن سے دوسرے درجہ کے دوستوں کے سخت تقاضے کی ایک وجہ یہہ بھی تھی کہ ابتک پشتو اردو لغات کی کوئی کتاب تیار نہ ہوئی تھی۔ ہاں کچھہ عرصہ ہوا کہ بعض یوروپین صاحبان نے پشتو اور انگریزی لغات کی کتابیں تیار کی تھیں جو اُنہی کی خیالات اور معلومات کے مطابق تھیں۔ جو اسوقت کے کی اقتضا کے موافق ایک خاص گروہ کے محدود استفادہ کے لئے کارآمد و مفید ہو سکتی تھیں۔ مگر اِن میں کئی دقتیں تھیں۔ مثلاً

۱۔ پشتو الفاظ کے انگریزی معنے تھے جن سے ہر ایک آدمی مستفیض نہو سکتا تھا۔

۲۔ نفس مضمون کے لحاظ سے یہہ انگریزی معنے بھی کچھہ اُسی قسم کے تھے جو ایک اجنبی آدمی سے ممکن ہو سکتے ہیں۔

۳۔ گراں قیمت ہونے کی وجہہ سے وہ ہر ایک شخص کو حاصل نہ ہو سکتی تھی۔

۴۔ مؤلفون نے اکثر مترادف الفاظ کا محل استعمال نہین دیا۔

۵۔ بعض محاورات کا خاص استعمال بکمال صحت نہیں لکھا۔

۶۔ شہری اور دہقانی الفاظ کا مابہ الامتیاز فرق بھی ظاہر نہ کیا۔

یہہ باتیں کچھہ اِس قسم کی تھیں جسکے واسطے مجھے سوشغل جھوڑ کے کمال دیدہ ریزی کے ساتھہ لغت لکھنے کی ہمت دلائی۔ الفاظ کی صحت۔ معانی کی درستی۔ محل استعمال یہہ تینوں وہ باتیں ہیں۔ جن کے واسطے لغت نویس کو سعی بلیغ اور کوشش تام کرنی پڑتی ہے۔ اور کوئی وجہ نہ تھی یہہ تکلیف نہ ہوتی۔

بہرحال میں نے اپنی بضاعت کے مطابق کتاب تیار کی۔ اور چند ایک

ماہرانِ زبان کو مسودے دکھلائے۔ سب نے پسند کر کے مرحبا اور شاباش کی صدا بلند کی۔ اور یہہ رائے دی کہ کتاب خوب لکھی ہے اب اِسکا نام بھی غیاث اللغات اور کریم اللغات کے طرز پر **خیر اللغات** رکھو۔ چنانچہ انہیں کے کہنے کے مطابق اِس پُشتو اُردو لغات کا نام بھی یہی رکھا گیا۔

جن اہل مطابع اور کتب فروشوں نے میری پہلی کتابیں دیکھی تھیں اِس بات کی درپے ہوئے کہ حق تالیف حاصل کریں چنانچہ اکثر نے پانچ پانچ سو روپیہ تک بھی پیش کئے۔ مگر میرے دل نے کسی کی نہ مانی بلکہ حمیت اِس بات کی مقتضی ہوئی کہ پہلی کتابیں تو دیوان ٹھاکر سنگھ صاحب مجر کتب نوشہرہ کی معرفت اشاعت پذیر ہوئیں اور کیوں بلاوجہ کسی دوسرے کے ہاتھہ ہمیشہ کیلئے ہبہ کردی جائے۔ علاوہ براں دیوان صاحب خود علم دوست مردم شناس اور خیر خواہِ خلق ہیں پس یہہ خیر اللغات بھی اُنہیں کو دینی چاہئے۔ اسلئے میں نے اپنے قدیم اصول کو نہیں توڑا۔ اور دیوان صاحب ہی کو بلا کسی معاوضہ اور قیمت کے یہہ خیر اللغات دی۔

تاریخ

ماہرانِ علم اللسان بخوبی جانتے ہیں کہ کرّہ مشرقی کے جملہ زبانوں کا ماخذ اِن ڈو یوروپی ان ہے۔ اور پروفیسر مکس مُلر کی تقسیم الاکسنہ کے مطابق اِسکی تین بڑی مشہور شاخیں ہیں — ۱۔ انڈین ۲۔ ایرانی — ۳۔ لاٹن — مگر پروفیسر جیمس ہیڈلے ایل ایل ڈی نے اِس دوسری شاخ کی مزید شاخیں حسب ذیل لکھی ہیں۔

۱۔ ژند۔ وہ زبان جو زمانۂ قدیم میں باختر والے بولتے تھے اسمیں پارسیوں کے دو مشہور کتابیں ژند اور اَوِستا ہیں۔

۲۔ فارسی قدیم۔ دارا اور کیخسرو کی عہد کی زبان۔

۳۔ کوہستانی۔ جسکی شاخیں کردی افغانی اشتی اور ارمنی ہیں۔

اِس افغانی زبان کا دوسرا نام پښتو (پشتو) ہے۔

پښتو کی ابتدائی تاریخی حالات بالکل عرصۂ تاریک میں ہیں مگر جہانتک پایۂ ثبوت کو پہونچتا ہے اِس زبان کی کوئی اپنی خاص حروف تہجی نہیں۔ فتوحاتِ اسلام سے پہلے افغانی یا پښتو صرف زبانی ہی زبانی تھی۔ یعنے جسقدر افہام وتفہیم ہوتی تھی صرف زبانی جمع خرچ تھا۔ سلطانِ محمود کے زمانہ میں اُسکے وزیر حسن میمندی کی خاص ایما سے قاضی صیف اللہ نے اِدھر توجہ کی اور حروفِ تہجی کی ترتیب میں حسبِ ذیل کارروائی کی۔

۱۔ جملہ حروفِ عربی یا تازی کہلاتی ہی لئے جائیں۔
۲۔ حروف مختص بہ فارسی پ چ ژ گ بھی لئے جائیں۔
۳۔ خاص آوازوں کو حسبِ ذیل اشکال سے تعبیر کیا۔

څ ځ ډ ړ ږ ښ ګ ڼ ڻ ۀ ې

اِس ترتیب نے خاص رواج پایا۔ مگر جب افغانی سوداگروں کو سندھ اور پنجاب کے تاجروں سے سابقہ پڑا جنکے ہاں ایک خاص آواز بھی پائی گئی جسکی آواز (ٹ) سے تعبیر ہوتی تھی۔ چنانچہ اِن تاجروں نے محل مخرج کے لحاظ سے اِسکی جگہ ایک نئی شکل سے پوری کی۔ جسکی صورت (ټ) ہے۔

پشتو لٹریچر میں سب سے پہلے ملا حسین قندہاری نے ایک مناجات لکھی تھی جسمیں زیادہ تر کوہستانی محاورے تھے۔ بعدازاں ملا عبدالعظیم خوشحال خان۔ عبدالرحمان۔ ملا قیوم۔ عبدالحمید صاحبِ دیوان گذرے ہیں۔ عبدالرحمان کا دیوان پشتو میں مایۂ ناز تھی۔ حافظ رحمت اللہ نے اخوان الصفا کا ترجمہ کیا تھی۔ اور ملا ابوالحسن ہراتی نے کلیلہ دمنہ (انوار سہیلی) کو پشتو میں لکھا تھی۔ قاری حبیب اللہ خان پشاوری اور مولوی عبدالمجید پشاوری نے قرآن وچند احادیث کا ترجمہ بھی کیا ہے۔ مولوی عبداللہ غزنوی نے تفسیر حسینی کا ترجمہ کیا ہے۔ مولوی

محمد علی نے تفسیر لسیر لکھی ہے۔ مشہور پادری ہیوز صاحب نے
بہ مدد مولوی احمد صاحب گنج پشتو اور کلید افغانی اور دیگر چند
کتب تحریر کی ہیں (جو ابتک پشتو امتحان کے لئے مقرر ہیں) اِن
دنوں میں بعض اور افسروں نے پشتو لٹریچر میں کئی کتابیں لکھیں
ہیں۔ مولوی حمید اللہ صاحب حامد نے سنہ ۱۸۹۵ء میں راحت القلوب
نام ایک نظم کی کتاب اور چند دیگر رسالجات لکھے ہیں۔ قاضی میر احمد شاہ
صاحب رضوانی پشاوری نے پشتو کی ایک مختصر مگر سب موجودہ
گرامروں سے عمدہ ایک گرامر لکھی ہے۔ پچھلے دنوں میں ایک صاحب
نے امانت کے اندر سبا کا پشتو میں ترجمہ کیا تہا جو بلحاظ زبان یہاں
کا پہلا ڈراما ہے۔ توریت شریف کا ترجمہ سب سے پہلے ولیم کیری
صاحب اور اُنکے ہمراہیوں نے کلکتہ میں سنہ ۱۸۰۰ء کے قریب کیا ہے۔
اور انجیل مقدس کا ترجمہ پادری لیونٹال صاحب نے۔ راقم الحروف
کے بھی مندرجۂ ذیل کی کتابیں پشتو میں موجود ہیں۔

اشنا و دعاء قریبہ نظم (سنہ ۱۸۸۴ء میں)۔ فرحت افزا نظم۔ آئینۂ دل (ترجمہ)
خط تقدیر۔ پشتو کا قاعدہ۔ معلم پشتو حصہ اول۔ معلم
پشتو حصہ دوم۔ اکبا کورۃ التہیۃ فی روایات الدینیۃ (ترجمہ) منار الحق
باب دوم (ترجمہ) منار الحق باب چہارم (ترجمہ) خیر اللغات آتالیق شو
کئی ایک مختلف ٹریکٹ جنمیں کچھ اخلاقی۔ دینی۔ بحث مباحثہ کے
مضامین اور کجھ اور غزلیں شامل ہیں۔

---

* مؤلف نے مندرجۂ ذیل رسالجات اُردو میں بھی لکھے ہیں۔ القاب مسیح (ترجمہ)
مفتاح الصحائف صدائے ٹمپرنس۔ پیغام ٹمپرنس۔
گلدستہ ٹمپرنس۔ دس ایذا رسانیاں۔ نوشتۂ قسمت +
شراب سرخ۔ آتالیق رومن + تحفہ ٹمپرنس +

اخیر میں نہایت انکساری سے عرض کرتا ہوں۔ کہ میری لغات میں جہاں تک مجھہ سے بن پڑا ہے افغانوں کے ہر فرقہ کے الفاظ نہایت صحت کی ساتھہ درج کئے ہیں۔ اگر عوام الناس نے اسکی مناسب قدر کی تو عنقریب اسکا دوسرا حصہ جو بجاے خود ایک دوسری لغات ہوگی جسمیں اُردو کے الفاظ کے پشتو معنے ہونگے تیار کیا جائیگا۔ والسلام

خاکپاے خلق اللہ

قاضی خیر اللہ چرچ مشنری سوسائٹی نوشہرہ

نوٹ ۔ واضح رہے کہ اِس لغات میں جس لغت کی سامنے مذ لکھا گیا ہے۔ اُس سے مراد مذکر ہے ۔ اور جس لفظ سامنے مؤ لکھا گیا ہے اُس سے مراد مؤنث ہے ۔ اور جس حرف پر اُلٹا جزم دیا ہے ۔ وہ ساکن ہے۔ واو مجہول کے نیچے ایک لکیر ڈالی گئی ہے۔ جس ی کے نیچے نقطے نہیں وہ یاے مجہول ہے ٭

ق ۔ خ

بابُ الالف

آب - مذ - عزت - حرمت - وہ پانی جو اوزار ونکو دیا جاتا ہے -

آبْ - مذ - باپ - اقنومِ اول - خدا -

آبّا - مذ - باپ - پدر - بزرگ -

آب آختل - عزت مٹانا - بے عزت کرنا -

ابابکر - ابوبکر - مذ - بانیٔ اسلام کا پہلا خلیفہ -

اباخیل - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے -

آباد کول آبادکول } بسانا - آباد کرنا - تعمیر کرنا -

اباد بدل - آباد ہونا - تعمیر ہونا - بسنا -

اُباسل - اوباسل - دیکھو باسل -

اباسین اباسیند } مذ - دریائے اٹک کا نام -

ابتدا - مذ - شروع - آغاز -

ابتر - اوتر - مذ - پریشان - پراگندہ خیال -

ابتروالی - مذ - پریشانی - ابتری -

ابد - مذ - آخر - انتہا -

ابراهام - مذ - حضرت ابراہیم خلیل اللہ کا نام ہے -

آبرو - مذ } عزّت - حرمت -
آبروئی - مؤ }

آبرہ - مؤ - پوش - غلاف - ایک قسم کا کاغذ ہی جو کتابوں کے جلدوں پر لگایا کرتے ہیں -

اُبری - مؤ - کاہی - کاہی جو پانی کے سطح پر ہوتی ہے -

ابل - مذ - ننگا - یہ لفظ اکیلا استعمال نہیں ہوتا بلکہ پیچھے کے آخر میں - جیسے پیچھے ابل - ننگے پاؤں -

ابله - مذ - احمق - بیوقوف - نادان -

ابن - مذ - بیٹا - اقنومِ ثانی - عیسے مسیح -

ابوجیل ابوجهل } مذ - ابوجہل - یہ شخص محمد صاحب کا مخالف تھا اسکا اصلی نام ابوالحکم تھا -

ابئ - مؤ - مانی - والدہ - یہہ آبا کا مؤنث ہے -

ابیات } مذ - اشعار - ابیات -
ابیاتونہ }

اپیدی - افیدی - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے -

اپیم - مذ - افیون - ایک نشہ مضر نشہ چیز ہے -

اتبار - اتوار - مذ - اتوار کا دن مسیحیوں کا سبت جسمیں مبارک عیسے مسیح اپنی مصلوب ہونیکے تیسرے دن مردوں میں سے جی اٹھا یہہ دن مسیحیوں کے لئے مسیح کی قیامت کا ایک ابدی یادگار ہے -

اتبار - مذ - یقین - اعتبار -

اترنگ - مذ - ایک بوٹے کا نام ہے - جوکہ رنگنے کے کام آتا ہے -

اتلس - اطلس - مذ - اطلس ایک مشہور کپڑہ ہے -

اتلّس - اٹھارہ - ہشتدہ - ۱۸ -

اتم - مذ - آٹھواں - ہشتم -

اتمان خیل - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے -

اتمانجی - اتمانزئ - مذ - تحصیل چارسدہ کے شمال و مشرق کی طرف دو تین میل کے فاصلہ پر ایک گاؤن ہے -

اتمانجی - مذ - فرقہ اتمان خیل کیلئے یہہ نام بھی استعمال کیا جاتا ہے -

اتمہ - آٹھواں - ہشتم -

اتنز - مذ - ایک مشہور ناچ کا نام ہے -

اتنزہ - مؤ - ہتھنی - مادہ فیل -

اتوزی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

اتہ - آٹھ - ہشت - ۸

اتی - دیکھو - ھتی -

اتیا - اسی - ہشتاد - ۸۰ -

اتیال - مذ - بیکار - معطل - ٹھہرا ہوا -

اتیالول - ٹھہرانا - معطل کرانا -

اتیک - مذ - اُس گانو کا نام ہے جو دریائے اٹک پر آباد ہے -

اتیکل - مذ - قیاس - اٹکل -

اتیکی - مؤ - ہچکی - ہچکی آنا -

اتیکی - مذ - شبقدر کے پاس ایک گانوں ہے -

اتیہ - مؤ - سوت کا لچھہ -

اَئی - ھٹی - دوکان - ہٹی -
اتیرن - مذ - اٹیرنی - وہ لکڑی جسپر سوت ڈالکر لچھے بنایا کرتی ہیں -
اَجَر - مذ - عوض - بدلہ -
اُجرت - مذ - مزدوری - عوض بدلہ -
اُجڑی - دیکھو اوجڑی -
اَجل - مذ - قضا - موت - اجل -
اُجہ - مؤ - جونک - جوک -
اُچ - دیکھو اوچ -
اُچت - اوچت - مذ - اوپر - بلند - بالا
اچکزی - اچکزی - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے -
اُچکی - اوچکی - مؤ - وہ چھوٹی سی سوکھی جگہ جو دریا یا کسی بڑی نہر کے درمیان ہو -
اُچُول - سُکھانا - خشک کرنا
اُچُولنا - ڈالنا -
اُچولی - وُچلی - مذ - پیشانی - متھا -
اَچَوَنی - مذ - وہ بچہ جو وقت مقررہ سے پہلے پیدا ہوا ہو -
اُچیدل - سوکھنا - خشک ہونا - مرجھانا -
اَخ - یہہ خوشی کے مواقع پر استعمال کرتے ہیں - اخا - وہ وا -
اخارہ - مؤ - لیپائی - پوچا -
اختر - مذ - عید - خوشی کا دن -
اختہ - مؤ - لگا ہوا - مشغول مصروف -
اَخستل - لینا - حاصل کرنا -
اَخل - گوندھنا -
اِخور - مذ - چرنی -
اَخون - مذ - مُلّا - اوستاد -
اخونزادہ - مذ - اوستادزادہ مُلّا کا بیٹا -
اخیرل - لینا - لیپائی کرنا -
اخیستل - دیکھو اخستل -
اُدرَول - قایم کرنا - کھڑا کرنا -
اُدریدل - کھڑے ہونا - قایم ہونا
ادل بدل - مذ - بدلنا - دو چیز آپسمین بدلنا -
اَدوبَدو - مذ - بہت موٹا -
ادی - مؤ - مان - والدہ -
ادیرہ - مؤ - قبرگاہ - قبرستان -
اَدیزئی - مؤ - شبقدر کے پاس دو دایہ داؤدزائے مین ایک گاؤں ہے -

اَدِینہ - مؤ - جمعہ - جمعہ کا دن محمدیوں کا سبت -

اِدانڑہ - مؤ - پشتی - کوٹہ کو چھتنا -

اُدُوکَیَ - ھدوکی - مذ - ہڈی - استخوان -

اَدِی بغوٹی - دیکھو بغوٹی -

اِراخ - مذ - ندی - نہر -

اَرَارَاط - مذ - وہ پہاڑ جس پر طوفان کے بعد حضرت نوح کی کشتی ٹھہری تھی -

اراک - مذ - وہ درخت جسکے لکڑی کی مسواک بنایا کرتے ہیں -

اُرشبہ - ج - عمر - زندگی -

اُربُوز - مذ - تھوتھن - کتے یا اور جانور کا مُنہ -

اَرَت - مذ - کھلا - فراخ - وسیع -

اَرتہ - مؤ - کھلی - کشادہ - فراخ -

اَرتینہ - مؤ - عورت - بیوی -

اَرَتْ - دیکھو اَرھت

ارجل برجل - پھسلنا -

اردواوہ } مؤ - دلا ہوا دانہ - ارداوہ
ارداوہ }

اِرزیدل - لایق ہونا - سزاوار ہونا -

اَرزَمَیْ - دیکھو اَرْدَمَیْ -

اَرزغومیْ - دیکھو وَرْغومیْ -

اَرَنجہ - بلا جلا - گڈمڈ -

اُرضہ - ھرمہ - مذ - پشاور کے پاس ایک گاوں ہے -

اُرمیز - دیکھو اورمیک -

اَرُوتہ - اورتہ - مؤ - عورت بیوی -

اَرَہ - مؤ - آری -

اَرھت - مذ - رہٹ - کنواں -

اَرھنڈہ - مؤ - آرنڈ - آرنڈ کا درخت -

اُریے - }
اوریکہ } مؤ - بادل - ابر -

اَریڑہ - ھریڑہ - ہریڑ - ہلیلہ - اریڑ -

اَرِیک شَرِیک - مذ - حاسد - وہ شخص جو خاندانی دشمنی رکھتا ہو - دیکھو نریکنی -

اَرْ - ھَرْ - مذ - سخت قبض قبضی -

ارتاوول }
ارتاوھل } گرانا - پھینکنا -

اَرَم - مذ - چیتکنی - بلّی جو درواروں کو لگایا کرتے ہیں -

اُرمہ ورخ - مذ - پرسوں (گذشتہ)

اَرَوُل - اُلٹانا - پھرانا -

اُرَوُل - اوروُل - پیسنا میدہ کرنا -

اَرَوُل را اَرَوُل - تہ و بالا کرنا - اُلٹا پلٹا کرنا -

اَرہَ - مؤ - مزاحم -

اُرہ - اودہ - مذ - آٹا - آرد -

اُریدل - ٹھرنا - لٹ ہونا - آگے نہ جانا - یہہ لفظ زیادہ تر جانوروں کے لئے استعمال میں لاتے ہیں -

اُرِیدل - اُوریدل - پس جانا - میدہ ہونا -

اریری - مؤ - ریڑی - وہ چھوٹی چھوٹی لکڑیاں جو رہٹ کے دو رسیوں کے درمیان ہوتی ہیں اور جنکے ساتھ ٹنڈ باندھا کرتی ہیں -

اَزغکی - دیکھو اَغزکی -

اَزغن - اغزن - خاردار - کانٹے دار -

اَزغی - اَغزی - مذ - کانٹا - خار -

اُزکار - دیکھو وُزکار

ازمائیشت - دیکھو ازمیشت

ازمایل - آزمانا - امتحان کرنا -

اَزمیشت - مذ - آزمایش - امتحان -

اَزمیل - آزمانا - امتحان کرنا -

اُرد - دیکھو اودہ وُد -

اَزدمی - مذ - ڈکار -

ازیل - ترغیب دینا - تحریک پھر ٹکانا -

اَس - مذ - گھوڑا - اسپ -

اسباب - مذ - چیزیں - اسباب

اُسپنہ - مؤ - لوہا - آہن -

اسپہ - مؤ - گھوڑی - اسپ مادہ

اسپہ - مؤ - ایک بیماری کا نام ہے -

اُستاذ - مذ - اوستاد - معلّم

اَستازی
اَستائی مذ - قاصد - رسول پیامبر - فرستادہ -

استان - دیکھو ستانہ -

اَستر - مذ - بڑا - دراز -

اَستَر - مذ - آستر - اندرس

استغفار کول - گناہ سے توبہ تائب ہونا - توبہ کرنا - معافی مانگنا -

اُستکار - دیکھو اوستکار -

اِستل - دیکھو ویستل -

استوبنہ } مؤ - رہائش
استوکنہ } جائے سکونت -

اَستُول - بھیجنا - روانہ کرنا -

اسحاق زی - مذ - پٹھانوں کا ایک فرقہ ہے -

اسفات - دیکھو سفات -

اسماعیلزی - مذ - پٹھانوں کا ایک فرقہ ہے -

اَسُوَیلی - مذ - اوباسی -

اَسی - مذ - بدنصیب - بد بخت - بدشگون -

اَسَئی - مذ - کہرا - کھاسا -

اسی - هسی - یوں ہی - مُفت - بلا قیمت -

اشترانی - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے -

اشتوکہ - مؤ - صلح - آشتی - ملاپ -

اشر - مذ - منگ - دھال - فصل کاٹنے وقت یا اور مواقع پر لوگوں کو کھانا دیکر کام کے لئے بُلانا -

اشرئ }
اشرفئ } مؤ - اشرفی -

اشفار - مذ - سبجی -

اشنا - مذ - دوست - محب - آشنا -

آشنائی - مؤ - دوستی - آشنائی -

اَشنَغر - مذ - ہشت نگر - پشاور کے ایک بڑے علاقہ کا نام ہے -

اَشوره - عاشورہ - ماہ محرم کے پہلے دس دن -

اَشول - غل غپاڑہ - شور و شر -

اشل - گوندھنا -

اعلیٰ علیین - مذ - عالم بالا سب سے اعلےٰ و برتر مقام -

اَغ دوغ - مذ - فریب - مکر - چل فریب -

اغزکی - مذ - ایک کانٹے دار کڑوا بوٹا ہوتا ہے جو دوائی کے لئے کام آتا ہے -

اغزن - خاردار - کانٹے دار -

اغزی - کانٹا - خار -

اَغزَل - گوندھنا -

اغستل - اغوستل - پھننا -

اغوستن / **اغوستنہ** مؤ۔ پھناوا۔ لباس۔

اغیر ۔ مذ۔ بدہضمی۔

اغیرل ۔ اترانا۔ بدہضمی ہونا۔

افریدی ۔ اپریدی ۔ مذ۔ پٹھانوں کا ایک فرقہ ہے۔

افغان ۔ مذ۔ پٹھانوں کا وہ زبردست فرقہ ہے۔ جنسے افغانستان آباد ہوا۔

افیم ۔ اپیم ۔ مذ۔ افیون۔ ایک مشہور مضر منشی چیز ہے۔

افیمچی ۔ اپیمچی ۔ مذ۔ افیونی افیون کھانیوالا۔

اقربا ۔ مذ۔ رشتہ دار۔ اقارب۔ خویش۔

آکا ۔ مذ۔ چچا۔ باپ کا بھائی۔

اکبری ۔ مؤ۔ جلیبی۔ ایک مشہور مٹھائی ہے۔

اکڑ ۔ مذ۔ دوران سر۔

اکرمہ کوتہ ۔ مؤ۔ انگشت بنصر۔ چھوٹی انگلی کے ساتھ کی انگلی۔

اکرہ پورہ ۔ مؤ۔ اکبر پورہ پشاور کے پاس ایک گاؤں ہے۔

اکوبکو ۔ مذ۔ ایک کھیل کا نام ہے جو بچے کھیلا کرتے ہیں + ایک پرند کا نام ہے۔

اکوخیل ۔ مذ۔ افغانوں کا ایک فرقہ ہے۔

اکوز ۔ دیکھو غز

اکوڑی ۔ مذ۔ نوشہرہ کے مشرق کیطرف ایک گانو ہے۔

اکوزی ۔ افغانوں کا ایک فرقہ ہے

اکہ ۔ مذ۔ مصبر۔ ایک خوشبو لکڑی ہے + غلام ۔ قیدی۔

اکہ ۔ مؤ۔ لونڈی ۔ کنیزک۔

اکرہ ۔ دیکھو اوکرہ۔

اکرمی ۔ مذ۔ ڈکار۔

اکن ۔ مذ۔ ایک چھوٹی چڑیا کا نام ہے۔

اکواری ۔ مؤ۔ وہ رسی جو گھوڑے کے سامنے کے دو پاؤں میں باندھتے ہیں۔

اکے ۔ ہاکے ۔ ہکے ۔ ہا ۔ مو۔ انڈا۔ تخم مرغ۔

اکیل ۔ اکیل ۔ دق کرنا۔ مخبول کرنا + کسی بورے کا منہ بند کرنا۔

الا الا ۔ یہہ کلمہ تخصیص ہے۔

پٹھان اسکو اکثر انبوہِ عظیم - دہاوے یا کسی سخت کام کرنے کے وقت چلّا کر بولا کرتے ہیں -

الاجی - مؤ - روئی کا بیلنا -

الاچہ - مؤ - ایک قسم کا موٹا کپڑہ ہے -

الاچی - مؤ - الائچی - ایک خوشبو دار چیز ہے -

الاستی - مؤ - نادیدنی - غیر مرئی - نادیدنی دنیا -

اَلجہ - مذ - لوٹ - غنیمت - دہاوا

اَلس - اولس - مذ - فرقہ - ملت - پرگنہ - قوم -

اَلفتہ - مذ - پریشان - دق -

اَلفتہ - مذ - زیرک - دانا - ہوشیار -

اَلک - ھلک - مذ - لڑکا -

اَلم - مذ - رائی - خردل -

الماس - مذ - ہیرا -

اَلم غلم - مذ - وہ گفتگو جو صاف طور پر نہ ہو - ریاکاری کی بات چیت -

اَلوٹل - اُڑنا - پرواز کرنا -

اَلوڑول - اُڑانا ÷ مال کا بیجا خرچ کرنا -

آلوکیدل - للوکیدل - سوجانا - یہ لفظ اکثر بچے بولا کرتے ہیں - یا انکی مائیں اپنے بچوں کے لئے استعمال کیا کرتے ہیں -

اَلوول - مذ - پیچ در پیچ -

آلوویل - کباب کرنا - جلانا -

اُلوھیّت - مذ - خدائی - الوہیّت -

اله - هله - هاله - تب - اُسوفت -

اَلھنک - مذ - غم کے ماری رونا - غم کا افراط - غم سے اینٹھنا -

الیاس - مذ - ایک مشہور نبی گذرا ہے - حضرت الیاہ -

الیاس ذی - مذ - پٹھانوں میں ایک فرقہ ہے -

اَلیٹ پلیٹ - مذ - نہ وہالا - گڈمڈ - رلا ملا -

الیٹ پلیٹ - مذ - اُلٹ پلٹ - زیر و زبر -

امان - مذ - پناہ -

امان عوبستل - پناہ چاہنا

امانی - پورا - تمام - سب - کُل - ہمگی -

امبار - مذ - ڈھیر - انبار -

امبارخانہ - مؤ - کھتہ - انبار خانہ جہاں غلہ رکھا کرتے ہیں -

امبائی - مؤ - ہودج - کجاوہ -

اَمبُور - مذ - سنی - انبور -

آموختہ } بستی دہرانا
آموختہ } مؤ - پڑھا ہوا - پچھلا سبق اس غرض سے پڑھنا کہ بھول نہ جائے -

اُمرَئی - مذ - پہلا - سابق - اول -

اُمری - وومری - سابق - پہلے -

اَمسَا - همسا - مؤ - عصا -

اُمغلَن - اومغلَن - مذ - کچا -

اُمغلَن اچول }
اُمغلَن غورزول } لاحاصل ہونا -

اَملُوک - مذ - ایک چھوٹا سا کالا مبوہ ہی - املوک -

امن کوٹ - ما من کوٹ -
مذ - جاے امن - پناگاہ - جاے پناہ -

اَمین - مذ - محافظ - حفاظت کرنے والا -

اَمین توب - مذ - محافظت کا کام -

انا - مؤ - نانی - ماں کی ماں -

انبائی - دیکھو امبائی -

انبوشی - مذ - چھینک -

انجبز - مذ - انجن - آگ گاڑی کا انجن -

انجه - هنجه - مؤ - هینگ - مشہور دوا ہے -

اِنجُر - مذ - انجیر - انجیر کا درخت یا پھل -

اِنجئی - اُنجئی - مؤ - اون کی پتلی رسی - سُتلی - سوتلی -

اند - مذ - پانسو برس کا زمانہ * خیال * خانہ - انڈا -

اندریایه - مؤ - سیڑھی - نردبان -

اندرکه - مؤ - انگرکھا -

انده - مؤ - گھونٹ -

اندیبنمن }
اندیبنمند } مذ - فکرمند - متفکر -

اندیبنه - مؤ - اندیشہ - فکر - سوچ -

اندوخر - مذ - لڑکوں کی ایک کھیل کا نام ہے -

اندی - مذ - بیل یا کسی اور لادو جانور کے بوجھ کا نصف -

اندیری - مذ - چٹائی کی بڑی بوری جسمیں غلہ رکھا کرتے ہیں -

انڑہ وُل - چننا - جمع کرنا -

اَنست - مذ - ایک بوٹی کا نام ہے -

انکار - مذ - تیزاب -

انکازہ - مؤ - گونج -

انکازہ کیدل / **انکازہ وتل** - گونج اٹھنا -

انکر / **انکڑ** - مذ - انگن - صحن -

انکوری - مذ - چھوٹا انار -

انکولاٹ - رونا - چلانا - آہ وزاری کرنا -

انکھار - مذ - رونا - چلانا - آہ و نالہ -

انکئ - مؤ - لڑکونکا ایک کھیل ہے -

انکبرل - سوچنا - خیال کرنا - غم کرنا -

انکبرہ - مؤ - سوچ - خیال - غم -

اننک - مذ - انار -

اننکوری - دیکھو انکوری -

اننگی - مذ - گال - رخسار -

اِنڑل - رگڑنا - گھسنا -

اَو - ہو - ہاں بیشک - ضرور -

اَو - اور - کہ - و -

اوار - هوار - مذ - ہموار - برابر -

آوار - مذ - لوٹ - غنیمت -

اوازہ - مؤ - شہرت - شہرہ - مشہوری -

آوبال - وبال - مذ - قصور - غلطی + تقصیر کی سزا + تکلیف - مُصیبت -

اوبچی - دیکھو لوبچی -

اوبڑی - دیکھو ابڑی -

اوبہ - مؤ - پانی -

اوبہ خوڑ - کھیت کو سیراب کرنا - کھیت کو پانی دینا -

اُوبرہ - باہر کا - غیر جگہ کا - ناواقف - ناآشنا -

اوتر - دیکھو ابتر -

اوتری - ابتری - پریشانی -

اوثار - صریح - ظاہر -

اوجار - ویجار - مذ - برباد - ویران

اوجَري - مذ - آنت - اجُری - رودہ -

اوجه - وجه - دیکھو اُجه -

اوچ - اُچ - سوکھا - خشک -

اوچت - دیکھو اُچت -

اوچ کسکو - نہایت سوکھا - بالکل خشک -

اوچکئ - دیکھو اُچکئ -

اوچی پوچی - مؤ - فضول باتیں - بیفائدہ بکواس -

اُوخ - اونٹ - مذ - اونٹ - شتر -

اُوخي - اوبنی - مذ - سالا - بہنوئی - بیوی کا بھائی - بہن کا خاوند -

اُوخی - اوبنی - مؤ - آنسو - اشک

اَودالی - ابدالی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

اودرَوُل - کھڑا کرنا - قایم کرنا - ٹھہرانا -

اَوُدس - مذ - وضو - طہارت -

اَوُدس ماتی - مؤ - جاے ضرور جانا - پیشاب یا پاخانہ جانا -

اودل - بُننا - بافیدن -

اُوُدَہ - مؤ - افسون - منتر - دم -

اُوُدہ - مذ - سویا ہوا - خفتہ -

اودنڑئ / اودنی - مؤ - چادر - اُرُھنی -

اِور - مذ - آگ - آتش -

اِور اورَکی - مذ - جگنو - کرمکِ شب تاب - تٹ بیجنا -

اورنشه - دیکھو اَربشه -

اُورنل - مذ - وہ بال جو چھوٹی لڑکیوں کے ماتھے کے اوپر رکھا کرتی ہیں -

اِورَلوُل - آگ جلانا + تکلیف وغم بڑھانا -

اِورلیدل - آگ جلنا + تکلیف کا بڑھنا -

اُورنوز - اورنُن - دیکھو اُربوز -

اورنوشه - دیکھو اربشه -

اورنشینه - مؤ - جو کی روٹی -

اُورلن - جمع اورلونه - مذ - روئی کے بیلنے کی وہ دو لکڑی جو روئی اور بنولونکو جدا کرتے ہیں -

اِورلوُنی - مذ - وہ لکڑی جس سے آگ جلاتے یا درست کرتی ہیں -

اورلوُنی سَری - مذ - فسادی - لڑانیوالا - پھوٹ ڈالنے والا -

اُورمبر - وُرمبن } دیکھو تھوتنی -
اُورمک - وُرمک }
اُورنی - مذ - وہ کپڑا جسمیں بچوں کو لپیٹتے ہیں - قنداق - قنداقہ -
اَورَول - سُنانا -
اُورَی - وُوری - هُوری - مؤ - مسور کے پتا خن کی سرے کے نیچے کا گوشت -
اُورَی - وُوری - هُوری - دیکھو آلم -
اَورِیدل - سُننا - شنوا ہونا
اوویز - اُوریے - وُوریے - دیکھو اُریے -
اُرھر کال - پرارسال - سال گذشتہ -
اورَول - پیسنا - آٹا بنانا -
اوِرہ - مذ - آٹا - آرد -
اوڑھنی - اوڑنی - مذ - جھوٹی چادر - دوپٹہ -
اوڑھ ول - دیکھو اُورَول -
اوِرَی - مذ - گرمی کا موسم - موسم گرما -
اَورِیدل - اُلٹنا - دیوار سے پھاندنا - پھسلنا -
اُوڑیدل - پس چانا میدہ ہونا
اُوڑرَی - دیکھو اُجڑی -
اوڑغونی - وڑغونی - مؤ - پشم - بھیڑ بکری کے بال -
اُوڑوُد - اُوکلود - اُوکلد - مذ - لمبا - دراز قد -
اُوڑہ - مؤ - لہن - تھوم -
اُوڑہ - مؤ - مونڈھا - کاندھا -
اُوڑبی - وُوبی - مؤ - ہسلی طوق -
اوَبی - ووکی - دوبی - مذ - بھوکا - گرسنہ -
اوِبی - اوکی - مذ - اپاپ پیمانہ کا نام ہے -
اوس - اب - ابھی - ہنوز -
اوسپنہ - دیکھو اُسپنہ -
اوستاذ - دیکھو اُستاذ -
اوستکار - مذ - کاریگر - اوستاد
اوستکاری - مؤ - کاریگری اوستادی -
اوسنی - مذ - اب کا - حال کا
اوسَول - بسانا - آباد کرنا - بھدوبانس کرانا -

اُوسَیْ - هُوسَیْ - مذ - ہرن -
اوسیدل - بود و باش کرنا - بسنا - رہنا -
اُوبنس - اُوخ - مذ - اُونٹ - شتر -
اَوبنتل - الٹنا + واپس ہونا + مبتلا ہونا + موح آنا -
اوبنکه - مؤ - آنسو - اشک -
اَوبنَیْ - مذ - سالا - بہنوئی - بیوی کا بھائی - بہن کا خاوند -
اُوبشه - اوخه - مؤ - اونٹنی + آنسو -
اوبنی - اوبنکی - اوخکی - مؤ - آنسو - اشک -
اوکد - اوبد - مذ - لمبا - دراز -
اوگره - مؤ - گرم حلوا - لیٹی -
اُوکه - دیکھو اوبنه -
اوکَیْ - دیکھو اوبَیْ -
اُوشکَیْ - دیکھو اوبَیْ -
اُوم - پی -
اُوُم - ساتواں - ہفتم
اومغلن - دیکھو اُمغلن -

اُوِیْ - مذ - فضول کو - بکواسی -
اووه - سات - ہفت -
اووه ستوری - ہفت ستارہ قمر - عطارد - زہرہ شمس مریخ - مشتری - زحل -
اووه کِشوره - مذ - ہفت کشور - چین - ترکستان - ہندوستان - توران - ایران روم - شام +
اَوِیا - ستر - ہفتاد - ۷۰ -
اویزان } اویزاند } لٹکا ہوا - آویزان
اہلِ سنت - مذ - محمدیوں کے بہتر فرقوں سے ایک مشہور فرقہ ہے
اَہُوَرِیْ - دیکھو الہر -
آہینگر - آہنگر - مذ - لوہار -
ایجرا } ایجراکی } مذ - ہیجڑا - مخنث -
ایرَیْ - مذ - بکرا -
ایره } ایری } مؤ - راکھ - خاکستر -

اِیری - مؤ - بکواس - بک بک -

ایری وھل
ایری کول } بکواس کرنا -
فضول باتیں بکنا -

اِیسار - مذ - حصار - قلعہ - ٹھہرا ہوا -

اِیسار کول
اِیسارول } ٹھہرانا - جانے نہ دینا - دیری کرانا -

اِیسار یدل - ٹھہرنا - دیری کرنا -

ایستل - نکالنا - باہر کرنا -

ایستہ - ادھر - اِسطرف - نزدیک -

آیینل - رکھنا -

ایینودل
اِیینول } رکھنا - سنبھالنا -

ایل کول - پالنا - پرورش کرنا -

ایل کیدل - پلنا - پرورش ہو جانا -

ایل والی - پالوپنا - پرورد گی - آموختگی -

ایلچی - مذ - قاصد - ایلچی -

ایلغار - مذ - حملہ - حملہ کرنا -

ایلہ - مذ - آزاد -

اِیلئ - مؤ - بطخ -

اَیلی - مذ - ایک کھیل کا نام ہے جو لڑکے پانی میں کھیلا کرتے ہیں -

اِینزر - دیکھو انجر -

آئینہ - مؤ - دل - جگر - شیشہ منہ دیکھنے کا آئینہ -

ایوبزی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

باب الباء

بااُو - مذ - کنگن - عورتوں کے ایک زیور کا نام ہے -

بابا - مذ - باپ - صاحب - بزرگ -

باباجی - مذ - دادا - نانا - باپ - بزرگ - صاحب -

بابر - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

بابرہ - مؤ - ایک کڑوی بوٹی ہے جو دوائی کے لئے استعمال کیجاتی ہے -

بابرہ - مؤ - بابر کی مؤنث - چارسدہ کی پاس ایک گاؤں ہے -

بابکو - دیکھو بچو -

بابو - مذ - معزز آدمی - یہہ لفظ

چھوٹے سے بڑے تک پر استعمال کرتے ہیں۔

بابوزی - مذ - افغانوں کی ایک فرقہ کا نام ہے۔

بابی - مؤ - بھابی - بھائی کی بیوی۔

بابی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے۔

بابیان

بابیڑی - مؤ - ضلع پشاور میں مردان کے قریب ایک گانوٹھی۔

باتور - مذ - بھادر - دلیر۔

باتوری - مؤ - بھادری - دلیری۔

باتی - مؤ - بتی۔

باتینگ - مذ - بینگن۔

باجور - مذ - ایک وسیع قطعہ کا نام ہے جہاں افغان رہتے ہیں۔

باد - مذ - ہوا + باد - ہوای مخالف

بادار - مذ - آقا - صاحب - مالک۔

بادبگی - مذ - پنکھا - ٹانگنے والا پنکھا۔

بادپیزی - مؤ - فضول لکو اس بیہودہ گفتگو۔

بادخور - مذ - ایک بیماری ہے - فتق۔

بادخورک - مذ - ایک پہوڑے کا نام ہے + ایک پرند کا نام ہے۔

بادخوری - مؤ - گھوڑوں کی ایک بیماری ہے۔

بادرنگ - مذ - کھیرا - خیار۔

بادفرنگ - مذ - آتشک - ایک مہلک بیماری ہے۔

بادگولہ - مؤ - ایک مشہور بیماری ہے بادگولہ۔

بادوان - مذ - بادبان۔

بادھوا - بادیوا - بیدھوا - بیداوہ - مؤ - تنگ - گڈی۔

بادھول - مذ - موٹی رسی - رسّا۔

بار - مذ - بوجھ - بار۔

باران - مذ - بارش - مینہ۔

بارانی - مؤ - برساتی - لمبا کوٹ + وہ زمین جسکی فصل کا دارومدار بارش پر ہو۔

بارخو - مؤ - گال - رخسار۔

باردارہ - مؤ - حاملہ + سبز درخت - پھلدار۔

بارکزی - مذ - افغانوں کا ایک فرقہ ہے۔

بارکبس - مذ- بوجھ لیجانیوالا بارکش-

باروزی - مذ- افغانوں کا ایک فرقہ ہے-

بارول - لادنا- لدانا-

باری - مذ- لادو- بارکش-

باریٰ - کاش! + آخرکار + ایک بار + تب- (یہہ ایک تکیہ کلام ہے-

باریدل - لادا جانا-

باز - زور کی آگ + بہاڑ جو باغوں کی چاروں طرف لگایا کرتے ہیں- تاکہ جانور وغیرہ انمیں نہ آسکیں-

بارہ - مؤ- پشاور کے پاس ایک نہر ہے- جسکی ایک شاخ شہر میں بھتی ہے-

باڑی - مؤ- کیاری- کھیت-

بازار - مذ- شاہیں- باز-

بازارکی - مذ- چھوٹا بازار-

بازاری - بازار کا- بازاری

بازو - مذ- چارپائی کا بازو- پٹیاں- بانہیں-

بازوبند - مذ- ایک زیور کا نام ہے- جو بازو پر باندھا کرتی ہیں-

بازوکی - مذ- کٹھولے یا گھوڑے کا بازو- پٹیاں-

بازی گتل - بازی جیتنا-

بازی گر - مذ- نٹ- مداری- تماشہ گر-

بازیگرہ - مؤ- قلابازی + بازیگر کی مؤنث-

بازی ورل - دیکھو بازی گتل

باس - مذ- خانگی + ضروری + خوشبو-

باسل - نکالنا- رد کرنا-

باشہ - مؤ- باز شاہین-

باشین - جمع ھی باشہ کا-

باغوان - مذ- باغبان- مالی-

باکو مؤ- خیالی ڈر کی چیز-

باکوئی جو عورتیں اپنے بچوں کو ڈرایا کرتی ہیں-

بالبشت - مذ- تکیہ سرہانا-

بالکی - مذ- شاگرد- بالکا-

بالنز - مذ- ایک قسم کا قیمہ یا شوربا + جلانے کی لکڑی-

بامبنز - مذ- برہمن- پنڈت-

بامبزہ - مؤ - شعلہ - شعلہ دہویں سمیت + برہمن کی بیوی -

بامبیری - مؤ - تتلی -

بامبیر - مذ - جمعیت - کثرت + بچوں کا شور و شر -

بامبیزی - دیکھو بامبیری -

باندو - باندی - پر - اوپر -

باندکول - آگ پر رکھنا + ہانڈی چڑھانا -

باندار - دیکھو بندار -

باندہ - مؤ - ایک چھوٹا گاؤں یا بستی جو کسی بڑے گاؤں کے متعلق ہو + باڑ

باندہ کیدل - کیڑے مکوڑے اور چیز کا درخت یا کسی اونچی جگہ میں اٹک جانا + کھیت کی حفاظت کے لئے رات دن کھیت میں رہنا

باندیسی - مذ - چھوٹے گاؤں یا بستی کا باشندہ -

بانس - مذ - بانس - بانس کا درخت - بانس کی لکڑی -

بانگ - مذ - اذان - پکار -

بانگی چرگ - مذ - بانگ دینے والا مرغ -

بانہ - مذ - مژگان - پلک -

بانہ - مؤ - بہانہ - حیلہ -

باور - مذ - یقین - اعتبار

باوسیر - مذ - بواسیر - ایک مشہور بیماری ہے -

باہر - بھر - باہر - بغیر - سوا

باہو - دیکھو باؤ -

بائدہ - شاید - اغلباً - مناسب - ضرور -

بائلل - ہارنا - ہار جانا -

بائاول - بہرانا -

بائزی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

بائسی - مذ - بواسیر مشہور بیماری ہے -

بانکو - مذ - ایک جھاڑی کا نام ہے -

بنو - مذ - ایک فرضی ڈرانیوالی چیز کا نام ہے -

بنڑ - مذ - کھلے ہوئے بال والا -

بنڑل - بال کھولنا - سر کے بال کھول لینا -

بنوزی - مذ - ہاتھ کا پنکھا + ایک چڑیا کا نام ہے + تتلی -

بنی - مؤ - ایک چڑیا کا نام ہے

جو کیڑے مکوڑے کھایا کرتی ہیں۔

بپتسمہ - مؤ - تعمید -
اصطباغ - یہہ مسیحی دین کی ایک
ضروری بات ہے - کہ جب کوئی
مسیحی دین میں داخل ہونا چاہے
تو وہ جانچنے کے بعد خادم الدین
کے سامنے حاضر کیا جاتا ہے اور
بعد اقرار کے اوسکے سر پر اب ابن
اور روح القدس کے نام سے پانی
ڈالا جاتا ہے یا اوسکو غوطہ دیتے
ہیں - اسی کا نام بپتسمہ یا تعمید
یا اصطباغ ہے -

بَت - مذ - مایہ - کلف -

بَتر - خراب - بُرا - بدتر -

بَتک
بتکی } مذ - مٹی کا ایک برتن ہوتا
ہے جسمیں پانی ڈالکر
گلے یا بازو میں لٹکا لیتے ہیں -
اور بوقت ضرورت اُس سے پانی
پیا کرتے ہیں -

بَتّہ - مؤ - راج ہنس -

بتّی - دیکھو بَت -

بَتّ - مذ - بھٹی - بھٹ -
بھاڑ -

بتّیس - مؤ - بتّس - بتیس -

بتّی - مؤ - صاف کئے ہوئے
جَو - اِسکا واحد بتّہ ہے - مگر
بہت کم استعمال کرتے ہیں -

بَتیاری - مذ - بہار جھونکنیوالا

بُتکنی
بُتکنہ } مؤ - چھوٹی تھیلی -
لیہ - ہمیانی -

بُتکی
بُتکری } خنگاری - آگ کا
ٹکڑا + ذرّہ - تھوڑا -

بتی - مؤ - بتیہ - باریک سلائی

بتاز - مذ - بزاز - کپڑہ فروش

بتکری
بچکری } ایک پھندا ہے جسکو
افغان لٹ کہتے
ہیں - اُسمیں ایک چھوٹی سی
لکڑی ہوتی ہے جسپر دھاگہ لگا
ہوا ہوتا ہے - اور اُسکے اوپر دانہ -

بچّو - مذ - یہہ لفظ بچّوں کے لئے
استعمال کیا کرتے ہیں + اور پیار
کے موقع پر بھی بچوں کے لئے یہہ
لفظ کام میں لاتے ہیں + اور حقارت
کے موقع پر بھی زبان پر لاتے ہیں -

بچونگڑی - مذ - انسان یا حیوان کا چھوٹا بچہ -

بچی - مذ - بچہ - طفل -

بختورہ - مؤ - نیک بخت عورت - صاحبِ بخت -

بختہ - دیکھو بوختہ -

بخرہ - دیکھو بوخہ -

بخملہ / **بخملی** - مؤ - بیر بوٹی -

بدبخت - مذ - بدبخت آدمی -

بدبختہ - مؤ - بدبخت عورت -

بدر - مؤ - پورا چاند - قمر -

بدر - مذ - سفید چنار - ایک درخت ہے -

بدرقہ - دیکھو بدرگہ -

بدرکانڑی - مؤ - ایک کڑوی پھل کا نام ہے -

بدرگ - مذ - بداصل - نالایق - کمینہ - پاجی -

بدرگہ - مؤ - محافظت کے لئے ساتھ جانا - محافظ لوگونکی جماعت بدرقہ -

بدرگہ - مؤ - بداصل عورت - نالائق - کم اصل -

بدری - مؤ - علاقۂ یوسفزائی میں ایک ندی کا نام ہے -

بُدری - مؤ - پھسلنا - ٹھوکر - غلطی -

بُدری موندل - پھسلنا گرنا - ٹھوکر کھانا - غلطی کرنا - فریب کھانا -

بدلمن - مذ - بدمعاش - بُرا آدمی - بدنام -

بدلول - بدلنا -

بدلہ - مؤ - اجر - معاوضہ - بدلہ -

بدلیدل - بدل جانا -

بدیدار - مذ - وہ شخص جسکے بہت دشمن ہوں -

بدائی - لوبیا - مؤ - فخر - بڑائی

بدہ - مؤ - پاجامہ کا نیفہ + رشوت -

بدہ بیرہ - مؤ - جنگلی بیر + پشاور کے پاس ایک گاؤں تھی -

بدہ نکال - مذ - کوندر -

بدی - مؤ - رشوت - ناجائز حصول + پاجامہ کا نیفہ -

بذگر - مذ - مالک - آقا - خاوند -

بَرْ - مذ - غالب - فاتح + عرض - چوڑائی + گرہن ٹیکا - پیدائشی نشان جو چاند کی تاثیر سے ہو -

برسیر - ظاہر - آشکارا - نمودار -

برایہ - مؤ - گذری رات - شب گذشتہ -

برالیہ - دیکھو بلادبہ -

برنبد - مذ - ننگا - عریان + بے شرم - فادی -

برنبدلغر - مذ - بالکل ننگا - سرسر ننگا -

برتہ - بیارتہ - بیرتہ - بعد - پیچھے + دور + واپس -

برتہ - مؤ - بہرتہ - کسی چیز کو بھوبل میں رکھکر بھرتہ کرلینا -

برخیر - ظاہر - آشکارا - نمودار -

برج - مذ - برج + بہوج پتر - آسمان کے بارہ برج کہے جاتے ہیں حمل - ثور - جوزا - سرطان - اسد - سنبلہ - میزان - عقرب - قوس - جدی - دلو - حوت -

برجاوول - بھرنا - معمور کرنا

برجو - مذ - سوہان + بلم -

برجی - مؤ - وہ پتھر جسپر اوزار تیز کرتے ہیں -

برچی - مؤ - نیزہ - بلم -

برچھو - مذ - گال - رخسارہ -

برخوردار - مذ - بچہ - جوان پیارا -

برخہ - مؤ - بخرہ - حصہ -

برزخ - مذ - اعراف - برزخ - عالم ارواح -

برسندہی - مؤ - بہیں - ندرو - اسکا واحد برسندھ -

برسیر - دیکھو برخیر -

برع - تہ - قط - لپیٹ - تہ کرنا -

برعت - مذ - بلا - بلی کا بچہ -

برغند - مذ - گھاؤ - زخم -

برغند کول - زخم لگانا - زخمی کرنا + گڑھا کھودنا -

برغبوت
برغوتی
برغوزی
برغولی } مذ - بالی - جھمکی -

برغولی - مذ - سرپوش - ڈھکنا

برغولی مذ - توام - دو بچے جب ایک ساتھ پیدا ہوں -

بُرغکول } پیٹنا - تہ کرنا - قط کرنا
بُرغول }

بَرغی - دیکھو بغری -

بَرغیدل - تہ ہونا - لپٹا جانا -

بَرق - مذ - بجلی - بجلی کی روشنی -

بُرقہ - مؤ - برقع - نقاب -

بَرکہ - مؤ - پشمینہ - اونی کپڑہ -

بُرک - مذ - ابتق - چتکبرا + گوڑھی -

بَرگ - مذ - پتّے - برگ درخت + توشہ سفر کے واسطے + سرود خوش الحانی -

برگرندی - دیکھو برہ گروہ -

بُرگویت - افغانونمیں سے فرقۂ خٹک کے ایک بزرگ جدی نام ہے -

بُرکہ - مؤ - کوڑھی عورت -

بَرکہ - مؤ - کڑی - چھت پر کے لکڑیاں - برگا -

بَرکی - مذ - مبروص کوڑھی -

بَرم - مذ - طاقت - زور - لہ برم ویونل - بے طاقت ہونا -

برمنلہ - دیکھو بَرہنلہ -

بَرمہ - مؤ - ایک اوزار کا نام ہے - جس سے لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں - برما -

بُرند - بے شرم + بغیر آنکھہ ملائے دیکھتے رہنا - آنکھیں وا کرکے دیکھنا -

بُرندی ستریگی - بڑی بڑی آنکھیں نکالنا - غصہ کی آنکھیں -

بُرندُو - مذ - بونیر کے ایک دریا کا نام ہے -

بَرَنڈہ - مؤ - دالان - برامدہ -

بَرَنی - پرانا - سابق -

بَرَنیٔ شپہ - پچھانی شپہ - پَرَونی شپہ - گذری رات - شب گذشتہ -

بروزہ - مؤ - ایک قسم کا کیڑہ ہے جو لکڑی کو کھایا کرتا ہے + مختلف اقسام کے غلے کی روٹی -

بَروزہ - مؤ - ایک قسم کی موٹی گھاس ہے جس سے رسیاں بنایا کرتے ہیں + ایک بوٹی ہے جو زمین پر پھیلی ہوئی ہوتی ہے جسکو لوگ سکھا پاکر کپڑے دھونے کے

لئے کام میں لایا کرتے ہیں۔

بَرُونڑی - مؤ- وہ چشم خانہ یا سوراخ جسمیں گاڑی کی اوپر والی لکڑی یا دُھرا لگاتے ہیں۔

بَرُوی - چمٹنے والا- لیدار-

بَرُوی کول - چمٹانا- چسپان کرنا-

بَرُوی کیدل - چمٹنا- چسپان ہونا-

بَرَہ خان خیل - مذ- افغانوں کا ایک فرقہ ہے-

برہ خوا - اسطرف- اُدھر- وہاں اسجگہ-

برہ کڑہ - مؤ- خیر و عافیت پوچھنا- دوستوں سے بوقت ملاقات خوش آمدید کہنا-

بَرَہ کڑہ کول - بوکڑہ ڈی کول- بوقت ملاقات گلے لگنا- خیر و عافیت پوچھنا-

بَرَی - مذ- فتح- ظفر- فتحمندی-

بُرَیت - مذ- مونچھ- بروت-

بریتو - مذ- لمبے مونچھ والا-

بُرَیذ - مذ- حملہ- دھاوا + برج- ٹیلہ- وہ ٹیلہ- جو حدبندی کے لئے بنایا ہو-

بَرید کول - حملہ کرنا- دھاوا کرنا-

بریذ بُرَول - بُرج مسمار کرنا- ٹیلہ گرانا-

بُریون - مذ- بھیڑ یا بکری کے بچہ کا ممیانا-

بُرَیس - مذ- ٹھیس- درد-

بُرَیسنا - مؤ- چمک- روشنی-

بُرَیسنول - دُکھانا + روشن کرنا- چمکانا-

بریسیدل - دُکھنا + روشن ہونا- چمکنا-

براس - مذ- بخارات- گرم دھواں دار بخار-

بربرکول - بُڑبُڑانا-

بَربَری - مذ- بکواسی- بُڑبُڑ کرنے والا-

بَربَگی / **بربوگی** - مؤ- بگولا- گرد باد-

برتہ - دیکھو بَرتہ-

بُرسَتن - مو- لحاف- توشک رضائی-

بُرقول - چمکانا- روشن کرنا-

بُرقیدل - چمکنا- روشن ہونا-

بَرَکرندِی کول - دیکھو بڑہ کول۔

بَرَکی - مذ- وہ چھوٹی رسّی ماچھی کا تسمہ جو رئی میں لگا کر اوسکو پھراتے ہیں۔

بَرَنی - مذ- اکہے رخت کا نام ہے۔

بَرُوا - مذ- ذبوسی - بھڑوا -

بَرُوا توب - دیوس - بھڑوا پنا

بَرُوس - غصہ - ناراضگی - خفگی -

بَرِی - مؤ- بڑیاں - دال کی بڑی

بَرِیٔ - مذ- بڑے دم والا بکرا -

بَرَیشی - مذ- افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے۔

بَرِین چغ - مذ- ایک قسم کا گھومنیوالا جھولا جسکے دونوں سروں کی رسیوں پر دو آدمی بیٹھکر گھوما کرتے ہیں۔

بز - مذ- بکرا + وہ کیڑا جو کپڑوں کو لگا کرتا ہے۔

بُز - مذ- کپڑوں کا کیڑا -

بِز - بیز - مذ- بندر - بوزنہ -

بُزغلی - مذ- پنیری -

بزگر - مذ- مالک - آقا - کسان -

بزو - بیزو - مؤ- بندر - بندریا -

بزوٹی
بزوکی } مذ- بندر کا بچہ - بچۂ بوزنہ -

بزہ - مؤ- بکری + ایک چڑیا کا نام ہے + گناہ + توڑنا -

بژہ - مؤ- قربانی - خونریزی -

بس - کافی - پورا - بس -

بس دہ - بس ہے - کافی ہے - پورا ہے -

بس کہ
بس کرہ } بس کر -

بِسپاسہ - مؤ- ایک بوٹے کا نام ہے جو دوائی میں کام آتا ہے -

بَستہ - مؤ- جزدان + دروازے کا بستہ -

بسپاکول - قائم رکھنا - ترتیب دینا -

بَسپاکیدل - قائم رہنا - مرتب ہونا -

بَشپڑ - تمام - کلّی - پورا - سب کے سب -

بشپڑہ بلا - مؤ- بڑی آفت سخت مصیبت - بڑی بدقسمتی -

بشرہ - مؤ - صورت - چہرہ -

بشکہ مؤ - ایک گھاس کا نام ہے -

بشنج - مذ - نیک چال چلن - عزت نیکنام - مغز -

بشنہ - مؤ - دلدل - کیچڑ -

بشکا - برشکال - پرشکال - پشکال - مذ - برسات - برسات کا موسم -

بشل - بخشنا - دینا - عنایت کرنا -

بط } دیکھو بتہ -
بطہ }

بغارگ - دیکھو بغرگ -

بغارہ - مؤ - چلاہٹ - شور - چیخ -

بغاری وھل } رونا -
بغاری ویستل }
چلانا - چیخنا - شور مچانا -

بغبغو - مذ - ایک چڑیا ہے جو کہ دریا کنارے بود و باش کرتی ہے -

بغدر - مذ - مادہ نول - ہٹورا - میخ کوب -

بغرک } مذ - تہ - قط - پیٹ -
بغرگ }

بغرکہ - بغرک - برغہ - غبرکہ مؤنث ہے بغرک کا ❊ درہ - توام لڑکیاں -

بغری - برغی - مؤ - اگھلی -

بغوتی - مذ - گلٹیاں جو گلے میں نکلتی ہیں - ممس -

بق بق - الٹی - قی ❊ فضول گفتگو - بکواس - گپ شپ -

بک بک - بو بو - گپ شپ - فضول بکواس -

بکاینر } مؤ - بکائن - دہریک ایک مشہور درخت ہے -
بکاینرہ }

بکری - مؤ - سفید پتھر - چقماق کا پتھر ❊ بکروٹا - بکری کا بچہ -

بکس - } بہت تھوڑا - ذرہ -
بکسکی - }

بکیانرہ - دیکھو بکاینر -

بکھار - دیکھو قئی -

بکولی - دیکھو باگو -

بکلی - مذ - بگلا - ایک مچھلی خور پرندہ -

بکیدل - ڈرنا - خوف زدہ ہونا - کسی ویران جگہ میں ناگاہ خوف زدہ ہونا -

بکورہ - بُرت - کُرت - مؤ - پنیر -

بکوہ - مؤ - بلی کے برابر ایک جانور ہی جو آبادی سے باہر رہتا - اور جسکی آواز بہت خوفناک ہے -

بکئ - مؤ - بگھی - گاڑی -

بل - مذ - اور - دیگر - دوسرا -

بَل - جلا ہوا -

بلاربہ - برالبہ - مو - گبن - حاملہ -

بلاغند - مذ - تومبہ - بل - جسکو خالی کر کے نصوار یا دوائی رکھنے کے لئے استعمال کرتے ہیں -

بلانڑہ - مؤ - چیخ - شور - چلانا -

بلانڑہ ختل - چیخ اٹھنا آواز نکلنی -

بلانڑہ ویستل - چیخ نکالنا چلانا -

بل بل - اور اور - نیا نیا -

بلبلہ - مؤ - ببل - ہزار داستان -

بلہ بلہ / بلخوا } دوسری طرف - کہیں اور -

بلد - مذ - آشنا - واقف -

بلدول - آشنا کرنا - واقف کار بنانا -

بلدیدل - آشنا ہونا - واقف ہوجانا -

بل شان - یہ بل شان - دوسری طرح - اور طرح -

بلغاک - مذ - شور - فریاد - غوغا + ماتم کی آواز -

بَل کول - دیکھو بکول -

بَلق - دیکھو برق -

بلکہ - مؤ - پتہ - نشان -

بلل - بلانا - مدعو کرنا -

بلماز - مذ - بے نماز - تارک الصلوٰۃ - ناپاک - نجس -

بلمکی / بلمناک / بلمنگی } بے مزہ - بے ذائقہ - وہ طعام جسمیں نمک نہ ہو -

بلو - مؤ - بلی - گربہ -

بلوار - بل ثلہ - بل ھیر - پھ

دوبارہ - دوسرے وقت -

بلوخ - مذ - بلوچ + بلوچوں کا فرقہ -

بلوجی - مذ - بے وقوف - بے عقل - نادان -

بلودل - مس کرنا - چھونا + وصل کرنا - واصل ہونا -

بلوس - مذ - تکلیف - رنج + چھونا - وصل -

بلوگی - مذ - بلی کا بچہ -

بلول - جلانا - روشن کرنا -

بلولی - مذ - آٹے یا مٹی کے کھلونے جو بچے بنا کر کھیلا کرتے ہیں -

بلونگڑی - مذ - گلہری + بلی کا بچہ -

بلہ - مؤ - اور - دوسری چیز - دوسری عورت -

بلہ - مؤ - بلم - نیزہ -

بل ہوس - مذ - بے پروا - عیش پسند -

بل ہیر - دیکھو بل وار -

بلئ - مؤ - کوٹھے پر کے لکڑیوں کے سرے -

بلیدل - خود بخود جلنا - روشن ہونا -

بلیں - بچے کا لپٹنا -

بلیمانوس - مذ - شریف آدمی اچھا آدمی - بھلے مانس -

بمبرہ - دیکھو دمبرہ -

بمبل - خوشہ - علی خصوصا مٹی کا وہ خوشہ جو اصلی خوشہ کے ساتھ نکلتا ہو اور جسمیں دانہ نہ ہو -

بن - مؤ - سوت - ایک شخص کی جب ایک سے زیادہ عورتیں ہوں - وہ آپسمیں بن کہلاتی ہیں -

بنبل - دیکھو بمبل -

بنج - مذ - شاہ بلوط کا درخت -

بندک / **بندکی** - مذ - ایک مشہور گھاس ہے -

بندئ - مؤ - بازو بند - ایک زیور تھی - جسکو عورتیں بازو پر لگاتے ہیں -

بندیز - مذ - بندش - مردوں کی ایک بیماری ہے -

بندی / **بندیوان** - مذ - قیدی - غلام - محبوس -

بنڈار - مؤ - لڑکیاں ایک جگہہ بیٹھکر شرطیہ سوت کاتتی ہیں کہ کون زیادہ اور عمدہ سوت کاتے -

بنز - مذ - جنگل جسمیں بہت سے درخت ہوں -

بنزہ - مؤ - پر - ایک پر -

بنزہ ول - بننا ٭ مکھیوں کی پروں کی آواز نکلوانا -

بنزئی - مؤ - ایک درخت کا نام ہے -

بنزیچغ - دیکھو بزین چغ -

بنزیدل - بن جانا ٭ مکھیوں کے پروں کی آواز نکلنی -

بن زئی - مذ - سوت کا ہیٹا -

بنگلہ - مؤ - بنگلہ - کوٹھی - گھر - ہستان -

بنگول - شور کرانا مکھی اڑنے کا - بھنبھنانا -

بنگیدل - مکھیوں کا اڑنا - اور اونکی پروں کی آواز - بھنبھناہٹ -

بنوچی - مذ - بنوں کا باشندہ

بنئ - مؤ - چمڑے کی پھکنی - بھکنی یہہ ایک گالی بھی ہے -

بنیر - بونیر - مذ - بنیر - افغانستان کا ایک ضلع یا علاقہ ہے -

بنیرہ - مؤ - منڈیر -

بنو - دیکھو بنؤ -

بنواسیر - دیکھو باسیر -

بنوت - مذ - نوجوان -

بنوت - لیگیا - یہہ بونالل مصدر سے ہے -

بنوت - مذ - بت -

بنوتار - مذ - جانور کا منہہ - لمبا منہہ ٭ کبھی کبھی حقارت کے موقع پر یہہ لفظ استعمال کیا جاتا ہے -

بنوتکئ - مؤ - سونے کا ایک سکہ تھا -

بنوتلل - لیجانا -

بنوتی - مذ - اونٹ کا بچہ -

بنوتئ - بودھی - سر کے اوپر وہ لمبے بال جو ہندو رکھا کرتے ہیں -

بنوت - ناراض - خفہ - ترش پیشانی -

بنوتئ - مذ - پودا -

بنوتیدل - ترش رو ہونا - ناراض ہونا -

بنوخکئ - یوخکئ - نرمہ - مؤ - کان کا نچلا نرم حصہ -

آویزۂ گوش -

بوجکی - مؤ - چھوٹا تھیلا کیسہ

بوجہ - دیکھو شوہ -

بوجی - مؤ - تھیلا - بوری -

بوجتہ - دیکھو بُنتہ -

بوختیدل - دیکھو بنیدل

بودہ - مؤ - کرم خوردہ لکڑی ✣ بی عقلی کی باتیں ✣ بے شعور آدمی ✣ بانا - رجھ -

بوڈا } مذ - ضعیف - بڈّھا
بوڈاکی } آدمی -

بوڑ - مذ - چیتا - پلنگ -

بوڑ - مذ - بھورے یا سفید و سبز رنگ کا گھوڑا -

بوڑ - مذ - وہ شخص جسکا بچّہ مرگیا ہو ✣ وہ بُرادہ جیسا جو پھل نکلتے وقت درختوں سے گرتا ہو - بُور -

بورجل - مذ - جگہ - مکان - گھر -

بورنہ } مذ - ومؤ - خشکہ سوکھا
بورنہ } آٹا جو ہاتھوں کو لگا کر
بونہ } گوندے ہوے آٹے کے پیڑے بناتے ہیں -

بوڑہ - مؤ - جس عورت کا بچہ مرگیا ہو - یہہ لفظ عموماً اس عورت کیلئے استعمال کیا جاتا ہے - جسکا دودھ پیتے بچہ مرجائے -

بوڑہ - مؤ - برادہ -

بور - مذ - سالن - شوربا ✣ بڑ کا درخت -

بوڑی - مؤ - جس عورت کا ناک یا کان کٹے ہوں -

بوڑ - مؤ - وہ شخص جسکا روزہ نہ ہو -

بوزی - مؤ - بکل -

بوزی } مؤ - بکری کا رنگا
بوزینہ } ہوا جھڑہ -

بوس - مذ - بھوسہ -

بوسارہ - مؤ - بھوسے کا انبار - بھوسے کا ڈھیر -

بوبشتہ - بوہتہ - بوختہ دیکھو بُنتہ -

بوبشتدل - کیچڑ یا دلدل میں دھنسنا - گھسنا -

بوڑ - مذ - لکڑی کا پیالہ -

بورقہ } مؤ- چمڑی کی چھوٹی تھیلی
بورکہ } جسمیں کنوئیں سے پانی نکالتے ہیں - بوقہ -

بُوق } مذ- خم - ٹیڑھا -
بُوک }

بُوکی - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

بوکیدل - بُقیدل - ٹیڑھا ہونا - خم ہونا -

بوگری - مذ - فصل - کاشت کسی شخص کو کھیت ایک فصل کیلئے عاریتاً دینا -

بُوگشیدل - دیکھو بگشیدل -

بول - مذ - بات - لفظ - بولی -

بُول - مذ - پیشاب - پاخانہ -

بولو - مذ - افغانوں کے ایک فرقہ کا نام ہے -

بُومیا - مذ - رہنما - رہبر - راہ دکھانے والا -

بونست - مذ - جڑ - بیج - بنیاد -

بونست ختل - برباد ہونا - مرجانا - نیست ہو جانا -

بونستی - دیکھو بونست -

بُونکہ - مؤ - معاوضہ - وہ روپیہ جو عزت کے خوف کے سبب سے دیا جائے -

بونیدل - دیکھو بونپیدل - بنپیدل -

بُونز - مذ - ناک کی ایک بیماری جسمیں کسی چیز کی خوشبو یا بد بو محسوس نہیں ہوتی -

بُونٹ - مذ - بان - پتلی رسّی -

بُونٹیدل - پھنپھنانا - مکھیوں کی پروں کی آواز نکلنی -

بوہار - مذ - موسم بہار -

بوئی - مذ - بو - باس -

بُوبُول } سونگھنا - باس لینا
بُوبہول }

بِھانٹ - بھانٹ - دیکھو بیانٹ -

بھانیہ - قسمتی -

بَھَر - باھِر - بروں -

بھول - بھاتا -

بیا - پھر - دوبارہ - از سرنو -

بیاتی - مؤ - قینچی - مقراض -

بیاستہ - مؤ - رسّی - لڑ - ارسا -

بیانٹ - مذ - چھپر - باکھوڑی کا بچہ -

بَیبل - مذ - کتاب مقدّس الکتاب - توریت زبور صحائف انبیا اور انجیل کو ملا کر بیبل کہتے ہیں -

بے پرتی - بے حساب - بہت زیادہ -

بیچانڑہ } مؤ - بستر - بچھونا -
بیچاونڑہ }

بے حدہ - بہت - بے شمار - بیحد - افراط سے -

بے خریتی - بے اندازہ - بیحساب - بہت ÷ بے موقع کام -

بے خود - مذ - بے ہوش - پاگل - دیوانہ -

بیدانہ - مؤ - بھی دانہ - بھی نکا بیج -

بیداوہ - دیکھو بادھوا -

بیدو - وہی - وہ ہی -

بیدہ - مؤ - گھاس کا گٹھا -

بیدہ کول - سلانا - لٹانا -

بیدھوا - دیکھو بادھوا -

بیدیا - مذ - جنگل - صحرا - بیابان -

بیرتہ - دیکھو برتہ -

بیرغ - دیکھو تُغ -

بیرنو - مذ - ایک قسم کی گھاس ہے -

بیرو - مذ - شوخ - گستاخ -

بیرہ - مؤ - بیر - بیر کا پھل -

بیڑہ - مؤ - بڑی کشتی -

بیڑہ - مؤ - نجوم - لوگوں کی انبوہ -

بیڑی - مؤ - کشتی - زورق -

بیزل - مرمت کرنا - ترمیم کرنا -

بیزو - دیکھو بزو -

بی سول - مذ - بیہوش - بے خود - دیوانہ -

بی شان - بیحد - بہت - کثرت سے -

بیعہ - دیکھو بیہ -

بینکا - مذ - گذشتہ کل یا آیندہ نکل کی رات -

بینکاری - مذ - وہ شخص جو بیگار تکڑا گیا ہو -

بینکاری شپہ - دیکھو برنی شپہ -

بیل - علیحدہ - جدا - الگ -

بیلاؤ - دیکھو بیلھو -

بیلتون - مذ - جدائی - علیحدگی -

بیلچہ - مؤ - کدالی -
بیلدار - مذ - محنتی - کدالی چلانے والا -
بی لگ - مذ - انعام - بخشش -
بیلکہ - دیکھو بلکہ -
بیلماز - دیکھو بلماز -
بیلوں - علیحدہ کرنا - جدا کرنا -
بیلولی - دیکھو بلولی -
بیلہ - مؤ - چھوٹا تالاب جو دریا میں ہو -
بیلھو - مذ - تیز کرنے کا پتھر - وہ پتھر جس پر چاقو وغیرہ تیز کرتے ہیں -
بیم - مذ - بانسری -
بی مہنے - بے عزت - گستاخ -
بینش - مذ - شہتیر -
بینی - مؤ - ناک + دروازہ کی بینی + کتاب کی جلد کا وہ حصہ جو بائیں طرف سے دائیں طرف الٹا کر کتاب کو بند کر دیتے ہیں - یہہ بینی صرف دینی کتابوں کی ہوا کرتی ہے -
بیورہ - صاف - آشکارہ - ظاہر - روشن -

بیول - لیجانا -
بیوں - بھول - بہانا - کسی نرم چیز کو بہا دینا
بیہ - مؤ - قیمت - دام

باب الباء فارسی

پ

پ - پر - اوپر -
پابند - مذ - مجبور - پابند + پائزہ - بیڑی جو گھوڑے کے پچھلے پاؤں کو باندھتی ہیں -
پاپڑہ - مؤ - ایک کڑوی بوٹی ہے جو دوائی کے کام میں آتی ہے -
پات - پاتو - باقی - بقایا -
پاتا - پانہ - مؤ - فاتحہ - مُردوں کے لئے دعا -
پاتو - پات - باقی - بقایا -
پاتو - مذ - بیر بوٹی + ایک چڑیا ہے جو رات کو بہت بولا کرتی ہے -
پاتول - رکھنا - جانے نہ دینا -
پاتی - پاتو - پات - باقی - بقایا -
پاتی - مذ - پکی ہوئی دال -
پاتیدل - رہنا - رہ جانا -

پاتی کول - رکھنا - جانے نہ دینا -
پاتی کیدل - رہ جانا - رہنا - نہ جانا -
پاٹی - مؤ - کمان کی رسی یا چمڑہ جسپر پتھر رکھکر پکڑتے ہیں -
پاٹھول - اٹھانا - کھڑا کرنا -
پاٹھیدل - کھڑا ہونا - اٹھنا -
پاٹھہ - پکّا - پکایا ہوا -
پاداش - مذ - عوض - بدلہ - جزا -
پارچنک - دیکھو اندرپایہ -
